© rasailojaraid.com



مولانا عبدالقیوم حقانی

# تبصرۂ کتب

**ماہنامہ الفاروق (اردو)** | مدیر: مولانا عبیداللہ خالد ۔ صفحات: ۶۴ ۔ سالانہ چندہ ۵۰/- روپے
جامعہ فاروقیہ پوسٹ بکس نمبر ۱۱۰۰۹ ۔ شاہ فیصل کالونی ۴ کراچی ۲۵ ۔

جامعہ فاروقیہ کراچی اپنے دیگر تعلیمی، تدریسی، تربیتی، اصلاحی و تبلیغی شعبوں کی طرح شعبۂ نشر و اشاعت میں بحمداللہ بہت قلیل مدت میں ایک معیاری اور مثالی مقام حاصل کر چکا ہے ۔ گذشتہ سال الفاروق (عربی) کے اجراء کے بعد اب ماہنامہ الفاروق (اردو) بھی باقاعدگی سے شائع ہونا شروع ہو گیا ہے اور اب تک چھ شمارے منظر عام پر آچکے ہیں ۔ مدیر الفاروق مولانا عبیداللہ خالد صحافت میں نووارد ہیں ۔ مگر مضامین کے انتخاب میں جدت، معیار اور تنوع کو ملحوظ رکھ کر جس انداز سے پرچہ مرتب کرتے ہیں معلوم ہوتا ہے ایک تجربہ کار اور قارئین کے مزاج، نفسیات اور طلب کی پرکھ رکھنے والے ایک منجھے ہوئے ایڈیٹر کی نظر انتخاب ہے جو ہر لحاظ سے تیر بہدف ثابت ہو رہی ہے ۔

الفاروق (اردو) کے مضامین آسان، سلیس، سادہ مگر بامحاورہ ہیں، علمی، اخلاقی، تعلیمی، ادبی، تاریخی مضامین کے علاوہ اسلامی ممالک بلکہ دنیا بھر کے عبرت انگیز حالات اور واقعات پر مشتمل مقالہ جات نے الفاروق کو ماہناموں میں ایک منفرد مقام دیدیا ہے ۔ شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان کی تحریر صدائے حق ان سے رسالہ کی جان ہوتی ہے ۔ الفاروق عامۃ المسلمین بالخصوص مطالعاتی اور علمی ذوق رکھنے والے حضرات کیلئے ایک گرانقدر علمی و ادبی سوغات ہے ۔ ادارۂ الحق، مدیر و سرپرست اور کارکنان الفاروق کو اس اقدام پر ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہے ۔

**مکتوبات نبوی** | تالیف: مولانا سعید محبوب رضوی ۔ صفحات ۳۲۰ قیمت درج نہیں ۔
مولانا غلام مصطفیٰ ۔ خطیب جامع مسجد، سعدی پارک ۔ مزنگ ۔ لاہور ۔

اسلام کی تبلیغ و اشاعت میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے مکتوبات کو اہم خصوصیت اور امتیازی مقام حاصل ہے جو دنیا کے بڑے بڑے لوگوں، سربراہان مملکت اور اپنے وقت کے مطلق العنان حکمرانوں کے نام لکھے گئے حضور کے ان خطوط میں اسلام کی دعوت و تبلیغ بھی ہے، اسلامی سیاست کے اصول بھی نبوت کا طرز خطاب بھی معاہدات بھی، نبوت کے ان مختصر مگر جامع تحریروں سے سیرت نبوی کا ایک اہم پہلو سامنے آجاتا ہے ۔



© rasailojaraid.com